# امثال القرآن

بسم الله الرحمن الرحيم

## الله کے نور کی مثال

اللهُ نُورُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ مَثَلُ نُورِهِ كَمِشْكَاةٍ فِيهَا مِصْبَاحٌ الْمِصْبَاحُ فِي زُجَاجَةٍ الزُّجَاجَةُ كَأَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُوقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ زَيْتُونَةٍ لَا شَرْقِيَّةٍ وَلَا غَرْبِيَّةٍ يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُورٌ عَلَى نُورٍ يَهْدِي اللهُ لِنُورِهِ مَنْ يَشَاءُ وَيَضْرِبُ اللهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (النور:35)

الله آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔اس کے نور کی مثال ایک طاق کی مانند ہے جس میں چراغ ہو، وہ چراغ شیشے (کی قندیل) میں ہو، وہ شیشہ گویا کہ ایک چمکتا ہوا تارہ ہے جسے زیتون کے مبارک درخت)کے تیل) سے روشن کیا جاتا ہے جو نہ مشرقی ہے اور نہ مغربی، قریب ہے کہ اس کا تیل (خود بخود) روشن ہو جائے اور خواہ اسے کوئی آگ نہ چھوئے۔(یہ) نور پر نور ہے الله جسے چاہتا ہے اپنے نور کی طرف راہ نمائی کرتا ہے اور الله لوگوں کے لیے مثالیں بیان کرتا ہے اور الله ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔

## مثال سے حاصل ہونے والے فوائد

### الله تعالی نور ہے

- الله ایسا نور ہے جسے دیکھا نہیں جا سکتا
- اس کا حجاب نورہے
- النور الله کا نام ہے
- قیامت کے دن الله کے نور سے زمین کا چمکنا

### مومن کے لیے دنیا و آخرت میں نور

- دنیا میں نور
- آخرت میں نور

### غیر مومن دنیا و آخرت میں اندھیروں میں

- کافر کا اندھیروں میں ہونا
- قیامت کے دن منافق کا نور کا بجھ جانا

## کرنے کے کام

### نور پانے والے کام کرنا

- ✓ ایمان اور تقوی اختیار کرنے سے نور ملنا
- ✓ روشن وحی کی پیروی کر نےسے نور ملنا
- ✓ وضو نور دینے کا سبب
- ✓ پانچ نمازوں کی پابندی سے نور ملنا
- ✓ قرآن کی تلاوت کرنے سے نور ملنا
- ✓ سورۃالکہف کی تلاوت کرنے سے نور ملنا
- ✓ انصاف کرنے سے نور ملنا
- ✓ صبر کرنے سے نور ملنا
- ✓ صدقہ کرنے سے نور ملنا
- ✓ الله کے راستے میں بوڑھا ہونے سے نور ملنا
- ✓ جمرات کو کنکریاں مارنے والے کے لیے نور
- ✓ حج میں بال منڈوانے والے کے لیے نور
- ✓ الله کے راستے میں تیرمارنے والے کے لیے نور

### اپنے دل کو صاف رکھنا

- ✓ "دل "جسم کا سب سے قیمتی حصہ
- ✓ الله تعالی کا دل کی بنا پر بندوں کو چننا
- ✓ الله تعالی کا بندوں کی صورتوں کی بجائے دلوں کو دیکھنا
- ✓ دل کو حسد ، بغض اور تکبر جیسی مذموم صفات سے بچانا
- ✓ دل کو فتنوں سے بچانا

**اللهمَّ اجعلْ في قلبي نورًا، وفي سمعي نورًا، وفي بصري نورًا، وعن يميني نورًا، وعن يساري نورًا، وأمامي نورًا، وخلْفي نورًا، وفوقي نورًا، وتحتي نورًا، واجعلْني نورًا**